ماہنامہ ''نقیب ختم نبوت'' (امیر شریعت نمبر)

مدیر: سید محمد کفیل بخاری
صفحات: ۶۴۰
مقام اشاعت: دار بنی ہاشم' مہربان کالونی' ملتان

امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری کا اسم گرامی کسی رسمی تعارف کا محتاج نہیں۔ وہ ہماری دینی اور سیاسی تاریخ کی ایک عظیم شخصیت تھے۔ اللہ نے ان کو بہت سی خوبیوں سے نوازا تھا۔ تقریر و خطابت میں بالخصوص ان کا کوئی حریف نہ تھا۔ وہ اردو اور پنجابی میں یکساں روانی سے بولتے تھے اور مجمع ان کی گرفت میں ہوتا تھا۔ جن لوگوں کو ان کی تقریریں سننے کا موقع ملا اور ان کی مجلسوں میں شریک ہونے کا شرف حاصل ہوا ہے' وہ صحیح طور سے ان کے اسلوب کلام اور نہج خطابت کو سمجھ سکتے ہیں۔

شاہ جی کی وفات کا المیہ آج سے تقریباً تینتیس (۳۳) سال قبل اگست ۱۹۶۲ء کو پیش آیا تھا۔ اس وقت ان کے بہت سے عقیدت مند اور پرانے ساتھی زندہ تھے' جنھوں نے بصورت نظم و نثر ان کی موت پر آنسو بہائے اور اس حادثے پر اپنے قلبی جذبات کا اظہار کیا۔

ماہنامہ ''نقیب ختم نبوت'' کی مجلس ادارت کا یہ قابل قدر کارنامہ ہے کہ انھوں نے محنت اور حسن و خوبی کے ساتھ ان مضامین و تاثرات کو جمع کر کے ''امیر شریعت نمبر'' کی صورت میں ایک دل آویز گل دستہ تیار کیا اور اسے